# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 11, 2026

## SECP and Board of Investment Review Progress on Key Regulatory Reforms

**ISLAMABAD, June 11:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has submitted draft amendments to the Companies Act, 2017, to the Finance Division for consideration. The proposed amendments incorporate measures under the Board of Investment's (BoI) Ultra-Fast Track Package and Regulatory Reform Packages for listed and unlisted companies, aimed at improving ease of doing business, digitization and strengthening Pakistan's investment climate.

The update was shared by SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu during a meeting with a delegation of the Board of Investment (BoI) at the SECP Head Office. The meeting was attended by Dr. Waqar Ahmad, Director Reforms, BoI; Mr. Scott Jacobs, Regulatory Reforms Consultant to BoI; Mr. Mubasher Saeed Saddozai, Executive Director, Licensing and Registration Division, SECP; and other officials from both organizations.

The two sides reviewed progress on ongoing reform initiatives and discussed measures to facilitate investment, improve the business environment, and enhance Pakistan's competitiveness under international business and investment benchmarks. The meeting also reviewed progress on several multi-agency reform initiatives being coordinated by BoI. Under the Tax Reform Package, discussions focused on issues affecting investment and business growth, including legal and regulatory framework of Venture Capital and Private Equity Funds, inter-corporate dividends, Limited Liability Partnerships (LLPs), and bonus shares.

It is pertinent to mention that the Cabinet Committee on Regulatory Reforms (CCoRR) has constituted committees comprising representatives from FBR, SECP, and Tax Policy Office (TPO) to address taxation issues relating to venture capital and LLP structures. Recognizing the growing importance of Pakistan's startup ecosystem, the meeting also discussed the need for a harmonized definition of startups across regulatory and development institutions, including SECP, the State Bank of Pakistan, SMEDA, and other relevant stakeholders.

BOI briefed participants on progress under the World Bank's Business Ready (B-READY) framework and highlighted reforms being undertaken to improve Pakistan's performance under the Business Entry indicator. BoI informed the meeting that 14 priority reform areas have been identified, while noting that SECP has already implemented most of the proposed measures, reforms completed by September 1, 2026, will be considered for inclusion in the World Bank's next assessment cycle. Both organizations agreed to continue close collaboration to strengthen regulatory cooperation, remove regulatory bottlenecks, facilitate investment, and promote a more efficient, transparent, and investor-friendly business environment in Pakistan.

SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

# PRESS RELEASE

For immediate release
June 11, 2026

## ایس ای سی پی اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کا اہم ریگولیٹری اصلاحات پر پیش رفت کا جائزہ

اسلام آباد، 11 جون: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیز ایکٹ 2017 میں ترامیم کا مسودہ مزید جائزہ کے لیے فنانس ڈویژن کو ارسال کر دیا ہے۔ مجوزہ ترامیم میں بورڈ آف انویسٹمنٹ کے الٹرا فاسٹ ٹریک پیکیج اور لسٹڈ و غیر لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ریگولیٹری ریفارم کے اقدامات شامل ہیں، جن کا مقصد کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنا، ڈیجیٹلائزیشن اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے ماحول کو مستحکم بنانا ہے۔

چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران کمپنیز ایکٹ میں تجویزہ کی گئیں ترامیم بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں ڈاکٹر وقار احمد، ڈائریکٹر ریفارمز، بی او آئی، مسٹر اسکاٹ جیکبز، ریگولیٹری ریفارمز کنسلٹنٹ برائے بی او آئی، مسٹر مبشر سعید سدوزئی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، لائسنسنگ اینڈ رجسٹریشن ڈویژن، ایس ای سی پی اور بورڈ آف انوسٹمنٹ کے دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں سرمایہ کاری کی سہولت، کاروباری ماحول کو بہتر بنانے اور بین الاقوامی کاروباری و سرمایہ کاری کے معیارات کے تحت پاکستان میں مسابقت کو آگے بڑھانے کے لیے جاری اصلاحاتی اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔

کابینہ کمیٹی برائے ریگولیٹری ریفارمز نے وینچر کیپیٹل اور لمیٹڈ لائبیلٹی پارٹنر شپ کے ریگولیٹری فریم ورک اور ٹیکسیشن کے معاملات کو حل کرنے کے لیے فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ایس ای سی پی اور ٹیکس پالیسی آفس کے حکام پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے رکھی ہے۔ اجلاس میں بورڈ آف انویسٹمنٹ بی او آئی کے بین الاقوامی سرمایہ کاری کے لیے کثیر الجہتی اصلاحاتی ایجنڈے پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وینچر کیپیٹل اور پرائیویٹ ایکویٹی فنڈز، انٹر کارپوریٹ ڈیویڈنڈز، لمیٹڈ لائبیلٹی پارٹنر شپس اور بونس شیئرز پر ٹیکسیشن کے معاملات شامل تھے۔

ورلڈ بینک کے بزنس ریڈی فریم ورک کے تحت پاکستان کے اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم اور بزنس انٹری انڈیکیٹر کو مزید بہتر بنانے والے 14 نکاتی اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ بھی لیا گیا۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے بورڈ آف انوسٹمنٹ کے حکام کو بتایا کہ 14 ترجیحی اصلاحاتکے زیادہ تو حصوں پر ایس ای سی پی پہلے ہی عمل درآمد کر چکا ہے۔ یکم ستمبر 2026 تک مکمل کی جانے والی اصلاحات کو ورلڈ بینک کے اگلے ایز آف بزنس کے جائزہ اجلاس میں شامل کیا جائے گا۔ اجلاس میں تمام ریگولیٹری و مالیاتی اداروں کی لیے اسٹارٹ اپس کی ایک متفقہ اور ہم آہنگ تعریف متعارف کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

دونوں اداروں نے کاروباری اور سرمایہ کاری کے لیے ریگولیٹری اصلاحات، کاروبار کے آغاز پر رکاوٹوں کو دور کرنے، سرمایہ کاری کو آسان بنانے اور زیادہ موثر، شفاف اور سرمایہ کار دوست کاروباری ماحول کو فروغ دینے کے لیے پر تعاون کو مزید آگے بڑھانے پر اتفاق کیا۔